کاوش و محنت سے جمع کیا' (اور اس سلسلے میں کراچی اور دہلی تک کئی بار سفر کیا) پھر سارے لوازمے اور حوالوں کو سائنسی انداز میں مرتب کرتے ہوئے مقالے کی بہت عمدہ تدوین کی' وہ قابل داد ہے۔ غلام عباس کے سوانح پر اب تک کسی نے اس طرح کی تحقیقی نظر نہیں ڈالی اور نہ ان کے فن کا ایسے سائنٹی فک انداز میں تجزیہ کیا ہے۔ کتاب میں غلام عباس کی مطبوعہ و غیر مطبوعہ تحریروں (کہانیوں' خطوں' مسودات) ان کے متعلق تحریروں کی فہارس اور عکس شامل ہیں۔ غلام عباس پر یہ ایک بنیادی کام ہے جو اسی موضوع پر مزید اور مفصل تحقیق کی مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔

ایک جاپانی طالب علم کی زیرنظر کاوش سے ہمارے طالب علم بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں' بشرطیکہ وہ اپنے اندر کام کے ساتھ لگن کا جذبہ پیدا کریں اور محنت کو اپنا شعار بنالیں' جو جاپان کی ترقی کا ایک بڑا راز ہے' اور جس کی' افسوس ہے کہ ہمارے ہاں شدید کمی ہے۔ (ر- ہ)

حضرت جبرئیل علیہ السلام 'ابن عبدالشکور' ناشر: کوثر پبلی کیشنز' بنگلور۔ صفحات: ۱۸۰۔ قیمت: ۵۶ روپے۔

حضرت جبرئیل علیہ السلام کے بارے میں جو کچھ سیرت کی کتب میں' احادیث میں' اور قرآن میں پڑھا تھا' اسے حسن ترتیب کے ساتھ یک جا اس کتاب میں پڑھا۔ اس پر مستزاد' صاحب کتاب کا دل کش انداز بیان! مصنف نے سیرت نگاری کا میدان اپنے لیے منتخب کر لیا ہے۔ وہ ایسی شخصیات کا انتخاب کرتے ہیں جن پر معلومات بکھری ہوئی ہیں۔ انھیں جمع کرتے ہیں' مرتب کرتے ہیں' رنگ بھرتے ہیں اور پھر پیش کرتے ہیں۔ امہات المومنین حضرت صفیہؓ اور حضرت جویریہؓ یا حضرت ابوسفیان اور اب حضرت جبرئیل ان کے اسی شوق کا اظہار ہیں۔ زیرتبصرہ کتاب پہلی وحی کی آمد کے منظر سے شروع ہوتی ہی اور آیندہ ہر سال شب قدر میں آمد کے مژدہ پر ختم ہوتی ہے۔ اس دوران سفر معراج میں ساتھ' غزوات میں ساتھ' دشمنان رسولؐ سے رویہ' اور مستند احادیث میں جو جو بھی واقعہ حضرت جبرئیل سے تعلق ہے' سب کو لے کر ایک لڑی میں پرو دیا گیا ہے۔ آپ کی شخصیت کے بارے میں بھی روایات پیش کی گئی ہیں۔ سفر طائف کے بعد پہاڑوں کے فرشتے کو حاضر کرنا اور اسی طرح کی تمام روایات۔ مختصر یہ کہ اس مختصر کتاب کے مطالعے کے بعد محسوس ہوتا ہے کہ سیرت رسولؐ پر کوئی بہت عمدہ کتاب اس لیے پڑھ لی گئی ہے کہ روایتی انداز سے مختلف ہے۔ مشینی کمپوزنگ کے دور میں ہاتھ کی خوب صورت کتابت بھی دل نواز محسوس ہوئی۔ (مسلم سجاد)

حکیم محمد سعید کے طبی مشورے 'مرتب: مسعود احمد برکاتی۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن' ناظم آباد' کراچی۔ صفحات: ۳۲۴۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔